سبق:1 حضرت فاطمہ زہراؓ آٹھویں جماعت

۱۔ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔آداب:تہذیب ،اخلاق،تمیز۔ ۲۔شعار:طریقہ۔ ۳۔اطاعت:فرماں برداری،بندگی۔

۴۔سخی:فیاض،دریا دل۔ ۵۔سائل:سوال کرنے والا ،مانگنے والا ۶۔میسّر:دستیاب،حاصل۔

۷۔فاقہ:کھانا نہ کھانا،بھوکھا رہنا۔ ۸۔اطمینان:تسلی،صبر،ڈھارس۔ ۹۔انکساری:عاجزی،خاکساری۔

۱۰۔نکاح:شادی۔ ۱۱۔ایثار:دوسرے کے فائدے کو اپنے فائدے پر ترجیح دینا۔ ۱۲۔جمیل:حسین،خوب صورت۔

۱۳۔ لقب: وہ نام جو کسی تعریف یا برائی کے سبب پڑ گیا ہو۔ ۱۴۔ استقبال: خیر مقدم، احترام میں آگے بڑھنا۔

۱۵۔ مشک: وہ سِلی ہوئی کھال جس میں پانی بھرا جاتا ہے۔ ۱۶۔ تقویٰ: خدا کا خوف، پرہیزگاری۔

۱۷۔ غزوہ: وہ جنگ جس میں حضور پاک ﷺ بذاتِ خود شامل ہوتے تھے۔

II۔ مرکبات:

۱۔ کم سِنی: چھوٹی عمر۔ ۲۔ جود و سخا: سخاوت، بخشش۔ ۳۔ فراخ دل: سخی، کشادہ دل۔

۴۔ عملی پیکر: کسی کام کو تکمیل تک پہنچانے والا۔ ۵۔ لختِ جگر: اولاد، بیٹا بیٹی۔ ۶۔ حتی الامکان: جہاں تک ہو سکے۔

۷۔ صاحب زادی: بیٹی، دختر۔

III۔ محاورات:

۱۔ ہاتھ کھینچ لینا: کسی کام سے ہاتھ روک لینا۔ ۲۔ نیل پڑنا: چوٹ کی وجہ سے جسم پر نیلا داغ پڑنا۔

IV۔ ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

۱۔ استقبال: طلباء نے کھڑے ہو کر معلّمہ کا استقبال کیا۔ ۲۔ سادگی: حضرت فاطمہ زہراؓ کا نکاح نہایت سادگی سے ہوا۔

۳۔ خوبی: اچھے اخلاق کا ہونا بہترین خوبی ہے۔ ۴۔ اطمینان: جماعت میں بچے بڑے اطمینان سے بیٹھے ہیں۔

۵۔ آداب: حضرت فاطمہ زہراؓ نے کم عمری ہی میں نیک زندگی گزارنے کے آداب سیکھ لئے۔

V۔ قوسین میں دیے گئے الفاظ میں سے مناسب لفظ چن کر خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

(خدمت، سخی، پردے، القاب، اطاعت)

۱۔ حضرت فاطمہ زہراؓ کو زہرا، بتول، راضیہ وغیرہ القاب سے یاد کیا جاتا ہے۔

۲۔ حضرت علیؓ کی خدمت اور اطاعت ہمیشہ ان کا شعار رہا۔ ۳۔ حضرت فاطمہ زہراؓ پردے کی بڑی پابند تھیں۔

۴۔ حضرت فاطمہ زہراؓ سخی اور فراخ دل تھیں۔

VI سبق میں یہ جملہ کس سے کہے:

۱۔ "بیٹی یہ بتاؤ کہ عورت کی سب سے اچھی خوبی کونسی ہے۔"

ج۔ یہ جملہ حضور ﷺ حضرت فاطمہ زہرا سے کہا۔

۲۔ "جاؤ بیٹا۔ یہ کھانا فقیر کو دے آؤ۔"

ج۔ یہ جملہ حضرت فاطمہ زہراؓ نے اپنے لختِ جگر حضرت حسنؓ سے کہا۔

VII۔ ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے:

۱۔ حضرت فاطمہ زہراؓ کس کی صاحب زادی ہیں؟

ج۔ حضرت فاطمہ زہراؓ پیارے نبی حضرت محمد ﷺ اور حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کی سب سے چھوٹی اور چہیتی صاحبزادی ہیں۔

۲۔ حضرت فاطمہؓ کس لقب سے مشہور ہوئیں؟

ج۔ حضرت فاطمہؓ زہرا کے لقب سے مشہور ہوئیں۔

۳۔ حضرت فاطمہ زہراؓ کا نکاح کس سے ہوا؟

ج۔ حضرت فاطمہ زہراؓ کا نکاح حضرت علیؓ سے ہوا۔

۴۔ شادی کے بعد حضرت فاطمہ زہراؓ کا شعار کیا رہا؟

ج۔ شادی کے بعد اپنے شوہر حضرت علیؓ کی خدمت اور اطاعت ہمیشہ ان کا شعار رہا۔

۵۔ حضرت فاطمہ زہراؓ کے مطابق عورت کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے؟

ج۔ حضرت فاطمہ زہراؓ کے مطابق "عورت کی سب سے اچھی خوبی یہ ہے کہ وہ نہ کسی غیر مرد کو دیکھے اور نہ غیر مرد اسے دیکھے"۔

۶۔ فقیر نے کتنے وقت کا کھانا نہیں کھایا تھا؟

ج۔ فقیر نے دو وقت کا کھانا نہیں کھایا تھا۔

VIII۔ ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے:

۱۔ حضرت فاطمہ زہراؓ جب حضور سے ملنے جاتیں تو آپ ﷺ کیا کرتے؟

ج۔ حضرت فاطمہ زہراؓ جب آپ ﷺ سے ملنے جاتیں تو آپ ﷺ کھڑے ہو کر ان کا استقبال کرتے اور ان کے بیٹھنے کے لئے اپنی چادر بچھاتے۔

۲۔ غزوۂ احد میں حضورؐ کی پیشانی پر زخم آنے کی خبر سن کر حضرت فاطمہ زہراؓ نے کیا کیا؟

ج۔ غزوۂ احد میں حضور ﷺ کے دانت شہید ہوئے اور پیشانی پر زخم آنے کی خبر پہنچی تو حضرت فاطمہؓ فوراً جنگ کے میدان کی طرف دوڑیں ایک چٹائی جلا کر اس کی راکھ، حضور ﷺ کے زخم میں بھر دی۔

۳۔ حضرت فاطمہ زہراؓ گھر کے کون کونسے کام کرتی تھیں؟

ج۔ حضرت فاطمہ زہراؓ اپنے گھر کے سارے کام خود کرتی تھیں۔ جھاڑو دیتیں، آٹا پیستیں اور کھانا پکاتیں، چکی چلاتے ان کے ہاتھوں میں چھالے پڑ جاتے۔

۴۔ حضرت زہراؓ کی سخاوت کا کیا حال تھا؟

ج۔ حضرت فاطمہ زہراؓ نہایت سخی اور فراخ دل تھیں۔ وہ کبھی کسی سائل کو خالی ہاتھ لوٹاتیں۔ خود فاقے کرتیں لیکن بھوکوں کو ضرور کھلا

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@